53 An-Najm

The Star · Meccan · 62 verses · Para 27

النجم

AN-NAJM (THE STAR)

1 I swear by the star when it goes down.
قسم ہے ستارے کی جب وہ غروب کرے۔

2 Your companion does not err, nor does he go astray;
تمہارا رفیق نہ گمراہ ہوا ہے اور نہ بہکا ہے۔

3 Nor does he speak out of desire.
وہ خواہش سے نہیں بولتا۔

4 It is naught but revelation that is revealed,
یہ تو صرف وحی ہوتی ہے جو (اس پر) نازل کی جاتی ہے۔

5 The Lord of Mighty Power has taught him,
شدید قوت والے نے انہیں تعلیم دی ہے

6 The Lord of Strength; so he attained completion,
جو صاحب قوت پھر (اپنی شکل میں) سیدھا کھڑا ہوا۔

7 And he is in the highest part of the horizon.
اور جب وہ بلند ترین افق پر تھے ۔

8 Then he drew near, then he bowed
پھر وہ قریب آئے پھر مزید قریب آئے،

9 So he was the measure of two bows or closer still.
یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے کم (فاصلہ) رہ گیا۔

10 And He revealed to His servant what He revealed.
پھر اللہ نے اپنے بندے پر جو وحی بھیجنا تھی وہ وحی بھیجی۔

11 The heart was not untrue in (making him see) what he saw.
جو کچھ (نظروں نے) دیکھا اسے دل نے نہیں جھٹلایا۔

النجم AN-NAJM (THE STAR)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿۱﴾ مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ﴿۲﴾ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴿۳﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْىٌ يُّوْحٰى ۙ﴿۴﴾ عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾ ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۙ﴿۶﴾ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ﴿۷﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ﴿۸﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ﴿۹﴾ فَاَوْحٰۤى اِلٰى عَبْدِهٖ مَاۤ اَوْحٰى ؕ﴿۱۰﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ﴿۱۱﴾

AN-NAJM (THE STAR) · CONTINUED

12 What! do you then dispute with him as to what he saw?
تو کیا جسے انہوں نے (اپنی آنکھوں سے) دیکھا ہے تو تم لوگ (اس کے بارے میں) ان سے جھگڑتے ہو؟

13 And certainly he saw him in another descent,
اور بتحقیق انہوں نے پھر ایک مرتبہ اسے دیکھ لیا،

14 At the farthest lote-tree;
سدرۃ المنتہیٰ کے پاس،

15 Near which is the garden, the place to be resorted to.
جس کے پاس ہی جنت الماویٰ ہے۔

16 When that which covers covered the lote-tree;
اس وقت سدرہ پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا۔

17 The eye did not turn aside, nor did it exceed the limit.
نگاہ نے نہ انحراف کیا اور نہ تجاوز۔

18 Certainly he saw of the greatest signs of his Lord.
بتحقیق انہوں نے اپنے رب کی بڑی نشانیوں کا مشاہدہ کیا ۔

19 Have you then considered the Lat and the Uzza,
لات اور عزیٰ کے بارے میں مجھے بتلاؤ۔

20 And Manat, the third, the last?
اور پھر تیسرے منات کو بھی؟

21 What! for you the males and for Him the females!
کیا تمہارے لیے تو بیٹے اور اللہ کے لیے بیٹیاں ہیں؟

22 This indeed is an unjust division!
یہ تو پھر غیر منصفانہ تقسیم ہے۔

النجم AN-NAJM (THE STAR) cont.

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ﴿١٣﴾
عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ﴿١٤﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ﴿١٥﴾ اِذْ
يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى
﴿١٧﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾ اَفَرَءَيْتُمُ
اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾ اَلَكُمُ
الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾

AN-NAJM (THE STAR) · CONTINUED

23 They are naught but names which you have named, you and your fathers; Allah has not sent for them any authority. They follow naught but conjecture and the low desires which (their) souls incline to; and certainly the guidance has come to them from their Lord.

دراصل یہ تو صرف چند نام ہیں جو تم نے اور تمہارے آبا و اجداد نے گھڑ لیے ہیں، اللہ نے تو اس کی کوئی دلیل نازل نہیں کی ہے، یہ لوگ صرف گمان اور خواہشات نفس کی پیروی کرتے ہیں حالانکہ ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے۔

24 Or shall man have what he wishes?

انسان جو آرزو کرتا ہے کیا وہ اسے مل جاتی ہے؟

25 Nay! for Allah is the hereafter and the former (life).

اور دنیا اور آخرت کا مالک تو صرف اللہ ہے۔

26 And how many an angel is there in the heavens whose intercession does not avail at all except after Allah has given permission to whom He pleases and chooses.

اور آسمانوں میں کتنے ہی ایسے فرشتے ہیں جن کی شفاعت کچھ بھی فائدہ نہیں دیتی مگر اللہ کی اجازت کے بعد جس کے لیے وہ چاہے اور پسند کرے۔

27 Most surely they who do not believe in the hereafter name the angels with female names.

جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے نام لڑکیوں جیسے رکھتے ہیں۔

28 And they have no knowledge of it; they do not follow anything but conjecture, and surely conjecture does not avail against the truth at all.

حالانکہ انہیں اس کا کچھ بھی علم نہیں ہے وہ تو صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور گمان تو حق (تک) پہنچنے کے لیے کچھ کام نہیں دیتا۔

النجم AN-NAJM (THE STAR) cont.

إِنْ هِيَ إِلَّا أَسْمَاءٌ سَمَّيْتُمُوهَا أَنْتُمْ وَآبَاؤُكُمْ مَا أَنْزَلَ
اللَّهُ بِهَا مِنْ سُلْطَانٍ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى
الْأَنْفُسُ وَلَقَدْ جَاءَهُمْ مِنْ رَبِّهِمُ الْهُدَىٰ ﴿٢٣﴾ أَمْ
لِلْإِنْسَانِ مَا تَمَنَّىٰ ﴿٢٤﴾ فَلِلَّهِ الْآخِرَةُ وَالْأُولَىٰ ﴿٢٥﴾
وَكَمْ مِنْ مَلَكٍ فِي السَّمَاوَاتِ لَا تُغْنِي شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا
إِلَّا مِنْ بَعْدِ أَنْ يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَرْضَىٰ ﴿٢٦﴾ إِنَّ
الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ لَيُسَمُّونَ الْمَلَائِكَةَ تَسْمِيَةَ
الْأُنْثَىٰ ﴿٢٧﴾ وَمَا لَهُمْ بِهِ مِنْ عِلْمٍ إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا
الظَّنَّ وَإِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا ﴿٢٨﴾

AN-NAJM (THE STAR) · CONTINUED

29 Therefore turn aside from him who turns his back upon Our reminder and does not desire anything but this world's life.

پس آپ اس سے منہ پھیر لیں جو ہمارے ذکر سے منہ پھیرتا ہے اور صرف دنیاوی زندگی کا خواہاں ہے۔

30 That is their goal of knowledge; surely your Lord knows best him who goes astray from His path and He knows best him who follows the right direction.

یہی ان کے علم کی انتہا ہے آپ کا رب یقینا بہتر جانتا ہے کہ اس کے راستے سے کون بھٹک گیا ہے اور اسے بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہے ۔

31 And Allah's is what is in the heavens and what is in the earth, that He may reward those who do evil according to what they do, and (that) He may reward those who do good with goodness.

اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ ہی کا ہے تاکہ اللہ برائی کرنے والوں کو ان کے عمل کا بدلہ دے اور نیکی کرنے والوں کو بہترین جزا دے۔

32 Those who keep aloof from the great sins and the indecencies but the passing idea; surely your Lord is liberal in forgiving. He knows you best when He brings you forth from the earth and when you are embryos in the wombs of your mothers; therefore do not attribute purity to your souls; He knows him best who guards (against evil).

جو لوگ گناہان کبیرہ اور بے حیائیوں سے اجتناب برتتے ہیں سوائے گناہان صغیرہ کے تو آپ کے رب کی مغفرت کا دائرہ یقینا بہت وسیع ہے، وہ تم سے خوب آگاہ ہے جب اس نے تمہیں مٹی سے بنایا اور جب تم اپنی ماؤں کے شکم میں ابھی جنین تھے، پس اپنے نفس کی پاکیزگی نہ جتاؤ، اللہ پرہیزگار کو خوب جانتا ہے۔

33 Have you then seen him who turns his back?

مجھے بتلاؤ جس نے منہ پھیر لیا،

النجم AN-NAJM (THE STAR) cont.

فَاَعۡرِضۡ عَنۡ مَّنۡ تَوَلّٰی ۙ عَنۡ ذِکۡرِنَا وَلَمۡ یُرِدۡ اِلَّا
الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَا ﴿۲۹﴾ ذٰلِکَ مَبۡلَغُہُمۡ مِّنَ الۡعِلۡمِ ؕ اِنَّ
رَبَّکَ ہُوَ اَعۡلَمُ بِمَنۡ ضَلَّ عَنۡ سَبِیۡلِہٖ ۙ وَہُوَ اَعۡلَمُ بِمَنِ
اہۡتَدٰی ﴿۳۰﴾ وَلِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ۙ
لِیَجۡزِیَ الَّذِیۡنَ اَسَآءُوۡا بِمَا عَمِلُوۡا وَیَجۡزِیَ الَّذِیۡنَ
اَحۡسَنُوۡا بِالۡحُسۡنٰی ۚ﴿۳۱﴾ اَلَّذِیۡنَ یَجۡتَنِبُوۡنَ کَبٰٓئِرَ الۡاِثۡمِ
وَالۡفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّکَ وَاسِعُ الۡمَغۡفِرَۃِ ؕ ہُوَ اَعۡلَمُ
بِکُمۡ اِذۡ اَنۡشَاَکُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ وَاِذۡ اَنۡتُمۡ اَجِنَّۃٌ فِیۡ بُطُوۡنِ
اُمَّہٰتِکُمۡ ۚ فَلَا تُزَکُّوۡۤا اَنۡفُسَکُمۡ ؕ ہُوَ اَعۡلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی ۝
﴿۳۲﴾ اَفَرَءَیۡتَ الَّذِیۡ تَوَلّٰی ۙ﴿۳۳﴾

النجم AN-NAJM (THE STAR) cont.

وَاَعۡطٰى قَلِيۡلًا وَّاَكۡدٰى ﴿۳۴﴾ اَعِنۡدَهٗ عِلۡمُ الۡغَيۡبِ فَهُوَ
يَرٰى ﴿۳۵﴾ اَمۡ لَمۡ يُنَبَّاۡ بِمَا فِىۡ صُحُفِ مُوۡسٰى ﴿۳۶﴾
وَاِبۡرٰهِيۡمَ الَّذِىۡ وَفّٰۤى ۙ ﴿۳۷﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰى ۙ
﴿۳۸﴾ وَاَنۡ لَّيۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعۡيَهٗ
سَوۡفَ يُرٰى ۖ ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجۡزٰىهُ الۡجَزَآءَ الۡاَوۡفٰى ﴿۴۱﴾ وَاَنَّ
اِلٰى رَبِّكَ الۡمُنۡتَهٰى ﴿۴۲﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَضۡحَكَ وَاَبۡكٰى ﴿۴۳﴾
وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَ اَحۡيَا ۙ ﴿۴۴﴾

AN-NAJM (THE STAR) · CONTINUED

34 And gives a little and (then) withholds.
اور تھوڑا سا دیا اور پھر رک گیا؟

35 Has he the knowledge of the unseen so that he can see?
کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے وہ دیکھ رہا ہے؟

36 Or, has he not been informed of what is in the scriptures of Musa?
کیا اسے ان باتوں کی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ کے صحیفوں میں تھیں؟

37 And (of) Ibrahim who fulfilled (the commandments):
اور ابراہیم کے (صحیفوں میں) جس نے (حق اطاعت) پورا کیا؟

38 That no bearer of burden shall bear the burden of another-
یہ کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔

39 And that man shall have nothing but what he strives for-
اور یہ کہ انسان کو صرف وہی ملتا ہے جس کی وہ سعی کرتا ہے۔

40 And that his striving shall soon be seen-
اور یہ کہ اس کی کوشش عنقریب دیکھی جائے گی۔

41 Then shall he be rewarded for it with the fullest reward-
پھر اسے پورا بدلہ دیا جائے گا،

42 And that to your Lord is the goal-
اور یہ کہ (منتہائے مقصود) آپ کے رب کے پاس پہنچنا ہے۔

43 And that He it is Who makes (men) laugh and makes (them) weep;
اور یہ کہ وہ ہنساتا اور وہی رلاتا ہے۔

44 And that He it is Who causes death and gives life-
اور یہ کہ وہی مارتا اور وہی جلاتا ہے۔

AN-NAJM (THE STAR) · CONTINUED

45 And that He created pairs, the male and the female
اور یہ کہ وہی نر اور مادہ کا جوڑا پیدا کرتا ہے،

46 From the small seed when it is adapted
ایک نطفے سے جب وہ ٹپکایا جاتا ہے۔

47 And that on Him is the bringing forth a second time;
اور یہ کہ دوسری زندگی کا پیدا کرنا اس کے ذمے ہے۔

48 And that He it is Who enriches and gives to hold;
اور یہ کہ وہی دولت مند بناتا ہے اور ثابت سرمایہ دیتا ہے۔

49 And that He is the Lord of the Sirius;
اور یہ کہ وہی (ستارہ) شعرا کا رب ہے۔

50 And that He did destroy the Ad of old
اور یہ کہ اسی نے عاد اولیٰ کو ہلاک کیا۔

51 And Samood, so He spared not
اور ثمود کو بھی، پھر کچھ نہ چھوڑا۔

52 And the people of Nuh before; surely they were most unjust and inordinate;
اور اس سے پہلے قوم نوح کو (تباہ کیا) کیونکہ وہ یقینا سب سے زیادہ ظالم اور سرکش تھے۔

53 And the overthrown cities did He overthrow,
اور الٹی ہوئی بستیوں کو گرا دیا۔

54 So there covered them that which covered.
پھر ان پر چھایا جو چھایا۔

55 Which of your Lord's benefits will you then dispute about?
پھر تو اپنے رب کی کون سی نعمت پر شک کرتا ہے؟

النجم AN-NAJM (THE STAR) cont.

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٤٥﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا
تُمْنٰى ۖ ﴿٤٦﴾ وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿٤٧﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ
اَغْنٰى وَ اَقْنٰى ﴿٤٨﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَاَنَّهٗۤ
اَهْلَكَ عَادَا ۨالْـاُوْلٰى ۙ ﴿٥٠﴾ وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿٥١﴾ وَقَوْمَ
نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ؕ ﴿٥٢﴾
وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿٥٣﴾ فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ
اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾

AN-NAJM (THE STAR) · CONTINUED

56 This is a warner of the warners of old.
یہ (پیمبر) بھی گزشتہ تنبیہ کرنے والوں کی طرح ایک تنبیہ کرنے والا ہے۔

57 The near event draws nigh.
آنے والی (قیامت) قریب آ ہی گئی ہے،

58 There shall be none besides Allah to remove it.
اللہ کے سوا اسے دور کرنے والا کوئی نہیں۔

59 Do you then wonder at this announcement?
کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہو؟

60 And will you laugh and not weep?
اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو؟

61 While you are indulging in varieties.
اور تم لغویات میں مگن ہو؟

62 So make obeisance to Allah and serve (Him).
پس اللہ کے آگے سجدہ کرو اور اسی کی عبادت کرو۔

النجم AN-NAJM (THE STAR) cont.

هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ٥٦ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ٥٧
لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ٥٨ اَفَمِنْ هٰذَا
الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ٥٩ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ٦٠
وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ٦١ فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ٦٢